© rasailojaraid.com



# خطوط

ترتیب: قاری ثناء اللہ خان

السلام علیکم ورحمة الله وبركاته وبعد ،،،

شكرالكم وفرحابكم فان خدمتكم فى العصر الحاضر اظهر من الشمس ولا ينكر احد منها وهذا الجد منكم فى هذا الزمان لمسلك الاحناف انفع وارفع وهكذا جدكم بهذه الرسالة المفيدة انفع لعلماء الاحناف وطلبتهم .والنافع يكرم المنفع وهكذا كل منهم يكرم هذا الكتاب. ويطالعه بفكر وتدبر والسلام ! جزاكم الله احسن الجزاء. از محمد شریف

مکرمی جناب رئیس التحریر صاحب دامت برکاتہم العالیہ

السلام علیکم ورحمة الله وبركاته وبعد ،،،

آنجناب کا ارسال کردہ پر مغز وقیع علمی مضامین پر مشتمل گرانقدر علمی سہ ماہی مجلّہ "المباحث الاسلامیہ" موصول ہو گیا ارسال فرمانے کا بے حد شکریہ زر سالانہ کی ادائیگی پیشگی ہو چکی ہے امید ہے کہ آئندہ بھی رسالہ کی ترسل کا سلسلہ جاری رہیگا جامعۃ الصالحات کا وسیع حلقۂ احباب " المباحث الاسلامیہ" کی ظاہری و باطنی خوبیوں کا مداح ہونے کے ساتھ ساتھ اس کی کامیابی و ترقی کے لئے دعا گو ہے۔ اللہ تعالیٰ اس رسالہ کو عوام و خواص میں قبولیت نامہ اور آنجناب و جملہ معاونین و منتظمین کے لئے ذخیرہ آخرت بنائے۔ آمین اس رسالے کے ساتھ ہمیشہ کی وابستگی کو ہم اپنے لئے سعادت سمجھتے ہیں۔ والسلام مفتی حبیب اللہ مدیر جامعہ الصالحات للبنات مانسہرہ

السلام علیکم ورحمة الله وبركاته وبعد ،،،

آپ حضرات کی خدمت عامہ سے بہت سے علماء عظام اور طلبہ کرام مستفید ہوئے۔ اور یہ " المباحث الاسلامیہ" رسالہ اگر چہ باعتبار ضخامت چھوٹی ہے۔ لیکن فی الحقیقت مسلک احناف کی طرف سے ایک وکیل کی حیثیت سے کام کر سکتی ہے۔ اور وکیل پر مؤکل کا پورا بھروسہ ہے اس طرح اس رسالہ یعنی "کتاب" پر کام کرنے والوں کو اللہ اجر عظیم دنیا و آخیرت میں عطا فرمائیں۔ والسلام

از: مولانا تاج محمد جامعہ دارالعلوم صفہ ٹاؤن چمن

مکرمی جناب مدیر صاحب المباحث الاسلامیہ

السلام علیکم ورحمة الله وبركاته ،،،

امید ہے آپ خیریت سے ہوں گے۔ آپ کی جانب سے ارسال کردہ سہ ماہی "المباحث الاسلامیہ" موصول ہوا۔ ہم آپ کے شکر گزار ہیں۔ "المباحث الاسلامیہ" ایک علمی و تحقیقی رسالہ ہے۔ اگر آپ کے لئے ممکن ہو تو اسے ہماری لائبریری کے لئے اعزازی طور پر جاری کروا دیں۔ تا کہ یہاں کے افراد اور آنے والے احباب اس سے مستفید ہو سکیں۔ اللہ آپ کے کام کو دن دگنی رات چوگنی ترقی دے۔ والسلام مفتی محمد سمیع (ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن) المورد معهد العلم الاسلامی لاہور

© rasailojaraid.com